سیکشن نمبر 2: پانی (Water)

2.1 ہدایات برائے واٹر پلانٹس

ہدایات برائے پلانٹ

1۔ پلانٹ کے گردونواح میں کوئی گندے پانی کا نالہ یا سیوریج کا گٹر نہ ہو۔

2۔ زمینی پانی کا ٹیسٹ کروا کر اسکی نوعیت کیمطابق ہی پلانٹ لگوایا جائے RO,UF وغیرہ۔

3۔ پلانٹ کی عمارت کے اندرنمی سے خراب نا ہونیوالے پینٹ کا استعمال کیا جائے۔

ہدایات برائے ملازمین

1۔ تمام ملازمین کے میڈیکل فٹنس سرٹیفکلس موقع پر موجود ہوں۔

2۔ تمام ملازمین کا کام شروع کرنے سے پہلے صاف اور آلودگی سے پاک ہونا ضروری ہے۔

3۔ واٹر پلانٹس پر موجود تمام ملازمین کا کام کے دوران ماسک، ہیڈ کورز اور مخصوص جوتوں کا استعمال کرنا ضروری ہے۔

4۔ دوران کام سگریٹ نوشی یا کھانا پینا منع ہے۔

5۔ ملازمین واش رومز استعمال کرنے کے بعد صابن سے ہاتھ دھونے کو یقینی بنائیں۔

ہدایات برائے صفائی

1۔ فلٹر پلانٹ کی ممبرین کی روزانہ کی بنیاد پر بیک واش ضروری ہے۔

2۔ فلٹر پلانٹ پر استعمال ہونے والے ٹینکوں کی ماہانہ صفائی لازمی ہے۔

3۔ فلٹر کی تبدیلی بروقت ضروری ہے۔

4۔ بوتلوں کی صفائی بذریعہ پریشر واشنگ اور گرم پانی (85 ڈگری سینٹی گریڈ) سے یقینی بنائی جائے۔

5۔ فلنگ اسٹینڈ پر بوتلوں کی صفائی کرنا منع ہے مزید برآں واشنگ ایریا الگ بنایا جائے۔

ہدایات برائے ٹیسٹنگ اور ریکارڈ

1۔ فلٹر کی تبدیلی کا ریکارڈ رجسٹر پر درج ہو۔

2۔ پلانٹ اور بوتلوں کی صفائی کا ریکارڈ برقرار ہو۔

3۔ فلٹر شدہ پانی کی روزانہ کی بنیاد پر پلانٹ پر ٹیسٹ ہونا اور ان ٹیسٹ کا ریکارڈ رجسٹر پر برقرار ہونا ضروری ہے۔۔

4۔ تیار شدہ فائنل پراڈکٹ پر مکمل لیبل ہو، تاریخ کا اجراء، تاریخ تنسیخ مکمل پتہ اور اجزاء ترکیبی وغیرہ۔

5۔ تیار شدہ فائنل پراڈکٹ بین الاقوامی سٹینڈرز کیمطاق ہو، مزید برآں ہر قسم کا ریکارڈ موقع پر موجود ہو۔

کورونا وائرس سے بچاؤ کے لیے احتیاطی تدابیر و ضروری اقدامات

1۔ ملازمین کو کام کرنے کے لیے ایسا ماحول فراہم کیا جائے جو ذاتی حفظانِ صحت کو فروغ دیتا ہو۔

2۔ کارکنوں/ ملازمین کو اپنے کام کی سطح کو صاف کرنے کے لیے ضروری اشیاء، ٹشو، صابن، سینی ٹائزر، جراثیم کش اسپرے اور ڈسپوزبل تولیے وغیرہ کی فراہمی کو یقینی بنائیں

3۔ بیمار کارکنوں کو اپنے گھروں میں رہنے کی ہدایات دی جائیں۔

4۔ یونٹس میں اعلیٰ کارکردگی کے حامل ایئر فلٹرز کی تنصیب کی جائے۔

5۔ بائیومیٹرک حاضری کے سلسلے کو فوری طور پر ترک کیا جائے۔

6۔ یونٹ کے احاطے میں داخل اور باہر نکلنے والے تمام افراد و گاڑیوں کا ریکارڈ برقرار رکھا جائے۔

7۔ یونٹ کے احاطے میں داخل ہونے والے تمام افراد کا درجہ حرارت اور کورونا وائرس کی دیگر علامات، فلو، کھانسی اور پٹھوں کے درد کی جانچ پڑتال کی جائے۔

8۔ کورونا وائرس کے مشتبہ ورکرز کی ٹیسٹ رپورٹس موصول ہونے تک ان کے لیے علیحدہ جگہ یا قرنطینہ کا انتظام کیا جائے۔

9۔ واش رومز کو بار بار استعمال کے بعد سینی ٹائز اور ڈس انفیکٹ کیا جائے۔

10۔ یونٹس کے احاطے میں روزانہ کی بنیاد پر عام کلورینیشن اسپرے کیا جائے۔

11۔ یونٹس مالکان ملازمین کے لیے پینے کے صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنائیں۔

12۔ کورونا وائرس یا کسی دوسری بیماری سے متاثرہ ورکرز کو مستند ڈاکٹر کے فٹنس سرٹیفکیٹ کے بغیر کام کی اجازت نہ دی جائے۔

13۔ ممکن ہو تو ٹیلی مواصلات متعارف کروا کر کارکنان، گاہکوں اور صارفین کے مابین جسمانی رابطے کو کم سے کم رکھا جائے۔